The Punjab Peoples Festival Committee has decided that in order to raise funds for the war DPs of Shakargarh all holders of complimentary passes for enclosures other than Lahore and Shalimar will donate 10 paisas for each card.

However, the holders of cards for Lahore Shalimar, will donate 20 paisas for each card. The money so collected will be contributed towards the Provincial Relief Fund.—PPI.

Bizenjo, Shaukat call on President

RAWALPINDI, March 17: Mr. Ghaus Bakhsh Bizenjo, former Governor of Baluchistan, had a meeting with President Bhutto here today.

Apart from saying that the meeting had lasted about an hour, Mr. Bizenjo refused further comments.—APP.

U.S. has been supplying poisonous grain

—INDIRA

NEW DELHI, March 10: Prime Minister Indira Gandhi said today that India would not accept any more foodgrains from the United States because past deliveries from that source had contained a poisonous seed.

In an interview published in the "Statesman", Mrs. Gandhi said that poisonous dhatura had been present in previous imports of milo—a type of drought resistant grain sorghum—from the United States.

Asked whether India would accept food from the United States if Washington were to offer it to tide India over the present scarcity due to widespread drought, she replied: "No, we have had enough trouble with the milo we have got from there."

The 'dhatura' was detected in a consignment of about 100,000 tons of milo which arrived in Bombay from the United States last month.

The Indian Food Ministry announced that the imported milo would be distributed only after cleaning and processing. The Ministry reportedly has taken up the matter with the United States.—AFP.

Laws to curb theft of telephone wires

Mr. Ghulam Mustafa Jatoi, Central Communication Minister, on Saturday said the Government was contemplating to enact stringent laws to curb incidents of thefts of telephone wires which had now assumed the proportion of a menace.

In an Airport interview, before his departure for Rawalpindi after a short visit to Lahore, the Communication Minister said theft of telephone wires was one of the most difficult problems being faced by his Ministry and the whole matter had even been discussed at the highest level.—APP.

Arms recovered near Kahuta

RAWALPINDI, March 17: Kahuta Police last night recovered 16 revolvers, 49 barrels of 12 guns, and some other smuggled goods from a jeep heading for Kotli, Azad Kashmir.

A youngman, Saleem, who said he was a shopkeeper in Kotli, and driver and cleaner of the jeep Tashfeen and Shafiq were arrested while a fourth one escaped.—APP.

Man with seven theft charges granted bail

BY A STAFF REPORTER

Asghar Ali Shah, an ex-bailiff who with other members of his family including his wife and two daughters and a son are facing 36 counts of theft charges was granted bail by Ch. Abdul Latif, a local magistrate, on Saturday.

While his wife and two daughters are involved in 11 cases each, Asghar Ali Shah and his son are facing eight and 17 theft charges respectively. Asghar's wife and daughters are already on bail but his son, Tahir Ali Shah, is still in jail.

It is alleged that members of Asghar Ali's family and four other persons had been responsible for committing a number of thefts in Mozang, Wahdat Colony and Misri Shah.

Cases against the accused are being investigated by the CIA.

'No' to 'goonda tax' lands shopkeeper in trouble

BY A STAFF REPORTER

Five men are alleged to have assaulted and robbed a shopkeeper, Mohammad Ishaq, at General Bus Stand, Badami Bagh, when he refused to pay them 'goonda tax' in the early hours of Saturday.

According to Mohammad Ishaq, the accused including Hafiz Samad, an alleged bad character visited his stall and asked him to pay them the rent of the place where he vended tea at the bus stand. When Ishaq refused to oblige them on the plea that he was a tenant, of the LMC, they allegedly beat him up and smashed his crockery. Later they forcibly removed Rs. 95 from his cash box and escaped.

Audience for UDF Pindi meeting

FROM OUR PESHAWAR BUREAU

MARCH 22: The NAP, the Jui and the Jamaat-i-Islami have made elaborate arrangements to take their party workers and sympathisers from the NWFP to Rawalpindi to swell the audience at the UDF's first public meeting there tomorrow.

Besides cars, taxis and wagons, these parties have hired 41 buses to take their workers to Rawalpindi from Peshawar city alone. Of these, 14 buses have been hired by the NAP 15 by Jamaat and 12 by the JUI. Caravans of audience for the Rawalpindi meeting will also leave from Mardan, Nowshera and other places.

Taking of party workers from one meeting to another is an old familiar trick of the NAP and its object is to create an impression on the general public that the NAP is popular among the masses. This trick is being employed to create an illusion of the UDF's popularity in Rawalpindi.

H. W.
Super Market
Please Shop Your
GROCERY
AT 272 DUPONT ST.
923-3939

Your REALTOR—Your Professional Advisor on Buying or Selling.

REALTOR

REAL ESTATE

in
o Apartments o Mortgages o Business

ISMAIL A. PATEL
Phone. 924-6590 / 929-0174
844 Yonge St, Toronto.

VISIT US FOR
Pakistani Records
THE BEST & THE LATEST HITS
West Toronto Music Centre
781 QUEEN ST W Phone 362-1168

Financial Management Services

1. Instalment Savings Plans — a proven way of accumulating specific sums of money over a period of years.
2. Single Payment Certificates — with guaranteed investment values.
3. A Balanced Mutual Fund — Investors Mutual of Canada Ltd., Canada's largest mutual fund. Emphasizes reasonable income, stability and capital gain potential.
4. A Mutual Fund For Growth—Investors Growth Fund of Canada Ltd., emphasizes long-term capital gain.
5. Tax-Deductible Registered Retirement Plans — fixed interest, equity and balanced plans for individuals and groups.

Find out about the many Investors Syndicate plans available to you.

Contact your Investors Man.

M. LATEEF QWAISI

Suite 380, 10 Wynford Heights Crescent, Don Mills, Ontario
Business: 449-0600, Residence: 690-1590

Investors SYNDICATE LIMITED

Or mail this coupon

NAME

ADDRESS

CITY/TOWN PROV.

لیل و نہار

لطیف اُویسی ـ



مسجد الصدق مانٹریال

عبدالرزاق خان ـ مانٹریال

۲۵ مارچ ۱۹۷۳ء ـ مانٹریال ـ مسجد الصدق مانٹریال کی تعمیر مسلمانانِ مانٹریال کی مجاہدانہ کاوشوں کی بین مثال ہے ـ آج سے چند سال قبل دنیا کے کونے کونے سے آئے ہوئے مہاجر مسلمانوں نے مانٹریال میں مسجد کی ضرورت محسوس کی ـ اور چند احباب نے مانٹریال میں اس مسجد کا سنگِ بنیاد رکھا ـ عرصۂ دراز سے مسلمانانِ مانٹریال کی یہ تمنا تھی کہ اس سرزمین میں اللہ کے گھر کی تعمیر کی جائے ـ چنانچہ گذشتہ سال کے انتخابات میں مرکز اسلامی کیوبک کے منتخب شدہ ممبران اور عہدہ داران نے اس بات کا عہد کیا کہ وہ اس فریضہ کو ادا کرکے ہی دم لیں گے ـ

یہ کام اگست ۱۹۷۲ء تک ملتوی رہا ـ اگست ۱۹۷۲ء تک مسلمانانِ مانٹریال نے ۲۰ ہزار ڈالر کی رقم جمع کر لی تھی ـ لیکن مسجد کی تعمیر کی راہ میں بے شمار رکاوٹیں حائل تھیں ـ سٹی ہال سے نئی مسجد کی تعمیر کا پرمٹ وغیرہ لینا خاصا کام تھا ـ جسکو چند مجاہدین نے خندہ پیشانی سے اپنے ذمے لے لیا ـ

اُن مجاہد حضرات کی خدمات قابلِ تعریف ہیں ـ گو کہ مسلمانانِ مانٹریال نے انتخابات ۱۹۷۲ء میں اپنے نمائندوں کا انتخاب شاید صرف اسی لئے کیا تھا کہ وہ مسجد کی تعمیر کیلئے بہتر خدمات سرانجام دے سکیں گے ـ

لیکن اللہ کے گھر کی تعمیر میں حصہ لینا ہر فرد نے اپنا فرض جانا ـ چنانچہ اسی فرض شناسی کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے صالح محمد صاحب نے تیرہ افراد پر مشتمل ایک دستہ کی خدمات پیش کیں ـ جنہوں نے پرانی مسجد کے شہید کرنے کا کام اپنے ذمے لیا ـ جب نئی مسجد کا ٹھیکہ دینے کا وقت آیا ـ تو ڈاکٹر رکم ہونیلی (؟) جن سے مسجد کی تعمیر میں چند رکاوٹیں رونما ہونے لگیں ـ اُن رکاوٹوں کو منظم ہستی سے مٹانے کیلئے مسلمانانِ مانٹریال میں سے بعض مجاہدین نے دھڑا دھڑ مسجد کو قرضہ حسنہ دینے کا سلسلہ شروع کر دیا ـ چنانچہ قلیل سی مدت میں ان مجاہدین کے قرضِ حسنہ کی رقم دس ہزار (10,000) ڈالر تک پہنچ گئی ـ اسلئے اللہ تعالیٰ نے مسلمانانِ مانٹریال کو یہ عظیم کارنامہ سرانجام دینے کے قابل بنا دیا ـ مسلمانانِ مانٹریال کی یک جہتی اور اتحاد کا نتیجہ ہمارے سامنے ۴ ہزار مربع فٹ مسجد الصدق کی شکل میں رونما ہوا ـ اس مسجد کی تعمیر پر ۵۲،۱۰۰ ڈالر کی رقم صرف کی گئی ـ جس میں سے ۵۸۰۰ ڈالر نقدی کی صورت میں ادا کی گئی ـ

مسجد الصدق مانٹریال میں اب باقاعدہ نمازِ جمعہ اور اتوار کے دن دینی تبلیغ کی جاتی ہے ـ بچوں کیلئے اسلامی تعلیمات کا باقاعدہ سلسلہ شروع ہو گیا ہے ـ امید قوی ہے کہ مستقبل قریب میں یہ مسجد یہاں پر بسنے والے مسلمانوں کیلئے بہت سے منصوبے بھی شروع کرے گی ـ ان منصوبوں میں

چھوٹے بچوں کو عربی زبان کا پڑھانا ـ اور تبلیغ کا سلسلہ شروع کرنا اور نومسلم حضرات کیلئے مذہبی محفلوں کا انتظام کرنا شامل ہے ـ

اے حرمِ قرطبہ! عشق سے تیرا وجود
عشق سراپا دوام جس میں نہیں رفت و بود
رنگ ہو یا خشت و سنگ چنگ ہو یا حرف و صوت
معجزۂ فن کی ہے خونِ جگر سے نمود!

علامہ اقبال

یوگنڈا کے صدر امین

فٹ بال کے ریفری بننے کی کوشش کر رہے تھے مگر ناکام رہے اور پھر سیاست میں آ گئے ... [illegible]

یوگنڈا کے صدر امین کے بارے میں ... [illegible] چھٹیوں پر روانہ کر دیا ـ

... [illegible] چھٹیوں پر جانا ہی چاہیئے ـ انسان ... [illegible] اور کار کی طرح انہیں بھی تازہ ہو کر اپنے TANK کو بھرنا چاہیئے ـ

لیکن ان کے کئی وزرا اندر ہی اندر سے زبردستی چھٹیوں پر جانے سے گھبراتے ہوں گے کہ صدر صاحب کہیں انہیں نئے ماڈل وزرا سے تبدیل نہ کر دیں ـ!

گوشت کی مہنگائی

امریکہ اور کینیڈا میں گوشت کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کا اندازہ اس خبر سے لگائیے ـ

WILINGTON میں ایک چور کسی کے گھر میں داخل ہوا اور FREEZER سے چالیس پونڈ قیمہ اور چالیس پونڈ گوشت کے STEAKS چُرا کر لے گیا ـ FREEZER کے پاس ہی گھر کی مالکہ کا پرس پڑا ہوا تھا جس میں قیمتی زیورات کے علاوہ کافی نقدی بھی تھی ـ چور گوشت تو لے اُڑا مگر پرس کو چھوا تک نہیں!

میں نہ مانوں

چارلی اسمتھ (CHARLEY SMITH) عمر ایک سو تیس سال کو امریکہ کا سب سے زیادہ طبعی عمر والا ہونے کا شرف حاصل ہے ـ چارلی حبشی نژاد ہے ـ پچھلے دنوں NASA والے اُسے CAPE KENNEDY لے گئے تاکہ اُسے اپالو ۱۷ چاند کی طرف جاتا ہوا دکھلائیں ـ چارلی نہیں مانتا کہ امریکن چاند سے ہو کر آئے ہیں ـ چنانچہ فضاء میں غائب ہوتے ہوئے اپالو ۱۷ کو اپنی آنکھوں سے دیکھنے کے باوجود بھی اُس نے شک کا اظہار کیا ـ "میں دیکھتا ہوں کہ وہ کہیں جا رہے ہیں مگر یقیناً چاند پر نہیں ـ لوگ کہتے ہیں کہ پچھلی دفعہ وہ چاند کی مٹی ساتھ لائے تھے ـ میں کہتا ہوں کہ وہ مٹی چاند سے نہیں لائے بلکہ زمین سے جاتے وقت اپنے ساتھ لے کر گئے تھے" ـ

بے چارے چارلی کو اب سفید فام امریکنوں پر بھلا کیوں کر یقین آئے جبکہ امریکن سیول وار سے پہلے ان ہی امریکنوں کی طرح کے ایک شخص نے اسے افریقہ سے آنے والے غلاموں کے ایک بحری جہاز میں یہ کہہ کر پھنسایا تھا کہ امریکہ چلو وہاں درختوں پر پراٹھے (PANCAKES) اُگتے ہیں ـ

بہتان طرازی سے جو حاصل ہو تمہیں
اس مال سے ہے بھیک کی جھولی بہتر
ہر شخص پہ الزام لگانے والے
غدار کی گالی سے تو گولی بہتر

قومی اسمبلی نے جائداد کو قبضہ میں لینے سے متعلق آرٹیکل منظور کرلیا

پارلیمنٹ قانون بنا کر حکومت کو ناجائز طور پر حاصل کی گئی جائداد تحویل میں لینے کا اختیار دے سکے گی

اسلام آباد ۱۰ مارچ (اے پ پ) آئینی ترمیمات قومی اسمبلی نے جائداد کی اختیاری منتقلی دفعہ ۲۲ منظور کر لی۔ [illegible]

[illegible]

روس نے پاکستان کو ۲۶ کروڑ روپے کے قرضوں سے سبکدوش کر دیا

فولاد کے کارخانہ کا تیسرا کام شروع کرنے کا فیصلہ حکومت پاکستان کرے گی

اسلام آباد ۱۰ مارچ (اے پ پ) روسی اقتصادی وفد کے لیڈر [illegible]

[illegible]

بلوچستان میں گورنر راج

مدت میں مزید ۳۰ دن کی توسیع

اسلام آباد ۱۰ مارچ (اے پ پ) [illegible]

[illegible]

نئی حکومت بنگلہ دیش تسلیم کرکے قرضوں کا مسئلہ طے کرنے کیلئے دباؤ ڈالے گا

برطانیہ پاکستان پر دباؤ ڈالنے والے ممالک میں پیش پیش ہے

[illegible]

اردن کے کمانڈر انچیف کا دورۂ پاکستان کی دعوت

[illegible]

[illegible]

صدر بھٹو لبرل ہیں اقلیتوں کی کانفرنس سے خطاب

نئے مجیب حقیقت پسندی سے کام لیں: راجہ تری دیو رائے

[illegible]

صدر راج میں توسیع پر مینگل کی تنقید

[illegible]

فلپائن میں تباہ کن زلزلہ، متعدد افراد ہلاک

[illegible]

آپ کی ضروریات کو مدنظر رکھ کر ہم نے نیویارک میں پہلا پاکستانی سٹور قائم کیا، جو گزشتہ ایک سال سے آپ کی خدمت میں مصروف ہے۔ آپ ہمارے ہاں سے تمام اشیائے خوردنی، مرچ مصالحہ، پاکستانی باسمتی چاول، دالیں، احمد کا اچار، چٹنی، چاٹ۔۔۔ مٹھائی، بوندی لڈو، پکوڑے اور سموسے خرید سکتے ہیں، پاکستانی فلمی اور غیر فلمی ریکارڈ، کتابیں اور رسالے جات، اسلامی کیلنڈر بھی دستیاب ہیں، ہمیں خدمت کا موقع دیجئے۔ امریکہ اور کینیڈا میں ہر جگہ آرڈرز بھجوائے جاتے ہیں۔ آج ہی لکھیئے اور مکمل معلومات حاصل کیجئے۔ آپ کی اپنی دوکان۔ فون ۲۱۲-۹۴۳-۸۱۰۷

Gardens of Shalimar
133-56-41st RD.
(OPP. Flushing Library)
Flushing, N.Y. 11355 U.S.A.

PLEASE VISIT US FOR

FREE TRAVEL ADVICE

Masalas; Condiment; Rice & Dals

HALAL MEAT NOW AVAILABLE

حلال گوشت اور مرغیاں

INDO-PAKISTAN TRADING LTD.

936 Pape Ave. 461-5575

بحیرہ عرب میں بڑے پیمانہ پر مچھلیاں پکڑی جانے کی وجہ سے ساحلی آبادیوں

کو درپیش مشکلات کا سامنا ہے پاکستان اپنے مفادات کا تحفظ کرے گا

ماہی گیری کے مخصوص علاقے کی حدود ۵۰ میل تک بڑھا دی گئیں

گہرے سمندر سے ساحلی علاقوں کی طرف مچھلیوں کی آمد میں زبردست رکاوٹ

حکومت نے ماہی گیری کے علاقوں کی حدود کے بارے میں ۱۹۶۶ء کے فرمان میں ترمیم کر دی

اسلام آباد ۱۰ مارچ (اے پی پی) حکومت پاکستان نے گہرے سمندر میں ملک کے ماہی گیری کے مخصوص علاقے کی حدود ساحل سے ۵۰ بحری میل تک بڑھا دی ہے اس کا اعلان آج حدود کے ایک فرمان میں کیا گیا ہے۔ وزارت خوراک و زراعت نے ایک پریس نوٹ میں اس فیصلے کی وجہ بتاتے ہوئے کہا ہے کہ بحیرہ عرب میں بڑے پیمانے پر مچھلیاں پکڑے جانے کی وجہ سے ساحلی آبادیوں کو بڑی مشکلات کا سامنا ہے گہرے سمندر میں اپنے حقوق اور مفادات کا تحفظ کرے گا۔ پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ بڑے پیمانے پر مچھلیاں پکڑے جانے کی وجہ سے گہرے سمندر سے ساحلی علاقوں کی طرف مچھلیوں کی آمد میں زبردست کمی ہوگئی ہے۔ حکومت نے ماہی گیری کے علاقے کی حدود کے بارے میں فروری ۱۹۶۶ء کے فرمان میں ترمیم کی ہے جس میں اس علاقے کی حد ساحل سے بارہ میل تک مقرر کی گئی تھی۔

مذکورہ فرمان میں کہا گیا ہے کہ حکومت پاکستان نے گہرے سمندر میں اپنے ماہی گیری کے مخصوص علاقے کی حدود ساحل سے ۵۰ بحری میل تک بڑھا دی ہیں۔ سابقہ فرمان میں ترمیم کی گئی ہے جو ۱۹ فروری ۱۹۶۶ء کو جاری کیا گیا تھا۔ اس میں گہرے سمندر میں ماہی گیری کے مخصوص علاقے کی حدود ساحل سے بارہ میل تک بڑھائی گئی تھیں۔ اعلان میں کہا گیا ہے چونکہ پاکستان کے ساحلی علاقوں کی آبادیاں سمندر سے ملے ہوئے علاقوں اور سمندر سے متصل گہرے سمندر میں مچھلیاں پکڑنے میں ...

کمزور ملکوں کے ساحلی وسائل

روس اور امریکہ پر ناجائز فائدہ اٹھانے کا الزام

کراچی ۱۰ مارچ (ریڈیو رپورٹ) اقوام متحدہ کی ساحلی وسائل سے متعلق کمیٹی میں چلی نے روس اور امریکہ پر الزام لگایا ہے کہ وہ کمزور ملکوں کے ساحلوں کے پاس ان کے وسائل سے ناجائز طور پر فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ چلی نے یہ بھی الزام لگایا کہ روس اور امریکہ کمزور ملکوں پر اپنا یہ فیصلہ ٹھونسنا چاہتے ہیں کہ وہ اپنے سمندروں کی حدود ۱۲ میل مقرر کریں۔ روس کے نمائندے نے چلی کے الزام کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ اس وقت ایک سو ممالک نے خود اپنی مرضی سے اپنے سمندروں کی حدود ۱۲ میل مقرر کی ہیں۔ روس پر یہ الزام غلط ہے کہ وہ اس قسم کا کوئی فیصلہ دنیا پر ٹھونسنے کی کوشش کر رہا ہے۔

صدر بھٹو اور بیگم نصرت

۷ اپریل سے ایران کا دورہ کریں گے

اسلام آباد ۱۰ مارچ (اے پی پی) صدر ذوالفقار علی بھٹو اور بیگم نصرت بھٹو شہنشاہ ایران اور ملکہ فرح پہلوی کی دعوت پر ۷ اپریل سے ۱۱ اپریل تک ایران کا سرکاری دورہ کریں گے۔ آج یہاں اسلام آباد اور تہران میں بیک وقت جاری کیے جانے والے اعلان میں کہا گیا ہے کہ ایران اور پاکستان کے درمیان موجود برادرانہ اور دوستانہ تعلقات کے پیش نظر شہنشاہ آریہ مہر اور شہبانو کی دعوت پر صدر پاکستان ذوالفقار علی بھٹو اور بیگم نصرت بھٹو ۷ اپریل سے ۱۱ اپریل تک ایران کا سرکاری دورہ کریں گے۔

دہلی میں پاکستان کو اسلحہ کی فراہمی کے خلاف مظاہرہ

...

آئین بننے تک پنجاب میں جلسوں جلوسوں پر پابندی: گورنر کھر

ہڑتالی کے واقعہ کو صوبائی رنگ نہ دیا جائے۔ گورنر اسلم خٹک

لاہور ۱۰ مارچ (اے پی پی) گورنر پنجاب ملک غلام مصطفیٰ کھر نے کل راولپنڈی میں حزب اختلاف کے جلسے میں ہنگامے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے اسے سوچی سمجھی سازش کا نتیجہ قرار دیا اور اعلان کیا کہ قومی اسمبلی میں آئین منظور ہونے تک صوبے میں تمام جلسوں اور جلوسوں پر پابندی ہوگی۔ ...

بھارت اور بنگلہ دیش پاکستانی جنگی قیدی فوراً رہا کریں: کوسیگن

اندرا گاندھی اور مجیب کے نام روسی وزیر اعظم کا خط

نئی دہلی ۱۰ مارچ (ریڈیو رپورٹ) ایک بھارتی مبصر نے اپنی تقریر میں یہ انکشاف کیا ہے کہ روس کے وزیر اعظم مسٹر الیکسی کوسیگن نے بھارت اور بنگلہ دیش کو مشورہ دیا ہے کہ وہ ان جنگی قیدیوں کو رہا کر دیں ...

فوجی قوت سے کوئی مسئلہ حل نہیں ہوگا (اندرا گاندھی)

مولانا عبدالستار نیازی کیخلاف قابل اعتراض تقریر کرنے کے الزام میں مقدمہ درج کر لیا گیا

مولانا عبدالستار خان نیازی کے خلاف ڈیفنس آف پاکستان رولز کی دفعہ ۴۹ اور ۱۸۹ الف کے تحت یہاں مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ یہ مقدمہ اس تقریر کی بنا پر درج کیا گیا جو مولانا عبدالستار خان نیازی نے گذشتہ سال ماہ دسمبر میں یہاں اقبال پارک کے ایک جلسہ عام میں کی تھی۔ ان پر الزام کی نوعیت یہ ہے کہ ان کی یہ تقریر ملی مفاد کے منافی اور امن عامہ میں خلل ڈالنے کے مترادف تھی۔

ایران کے لیے ۲۲ کروڑ روپے کے امریکی اسلحہ پر بھی تشویش کا اظہار

اسلحہ کی دوڑ میں برصغیر جنوبی ایشیا کے دیگر ممالک بھی شریک ہو جائیں گے

نئی دہلی ۱۰ مارچ (ریڈیو رپورٹ) روس نے پاکستان اور ایران کو انتباہ کیا ہے کہ اسلحہ کی خریداری کا سلسلہ بند کر دیا جائے ... روسی حکام نے کہا ہے کہ ... برصغیر جنوبی ایشیا کے دوسرے ممالک بھی اسلحہ کی دوڑ میں شامل ہو جائیں گے۔ ... روس کو اس پر بھی تشویش ہے۔

پاکستان کو امریکی اسلحہ دینے کی مخالفت

واشنگٹن ۱۰ مارچ (اے پی پی) امریکی سینیٹ کی خارجہ تعلقات سب کمیٹی برائے امور جنوبی ایشیا کے چیئرمین نے کہا ہے کہ امریکہ کی جانب سے پاکستان کو اسلحہ کی سپلائی بحال کرنے کا فیصلہ بنگلہ دیش اور پاکستان میں مقیم بنگالیوں کے لیے براہ راست دھمکی کے مترادف ہے۔

حادثہ کی بنا پر بھارتی وزیر مستعفی ہو گئے

نئی دہلی ۱۰ مارچ (اے پی پی) بھارت کے وزیر سیاحت و شہری ہوا بازی ڈاکٹر کرن سنگھ بھارتی طیارے کے حادثے سے دو چار ہو جانے کے بعد اپنے عہدے سے مستعفی ہو گئے اس حادثے میں ... افراد ہلاک ہو گئے ہیں۔

میں نے لندن میں آزاد کشمیر کی علیحدگی کے متعلق کوئی تقریر نہیں کی تھی

سردار عبدالقیوم خان کا بیان

اسلام آباد ۱۰ مارچ (اے پی پی) ... سردار عبدالقیوم خان نے ... کشمیر مسلم لیگ کے بعض لیڈروں کے عائد کردہ اس الزام کی تردید کی ہے کہ انہوں نے لندن کے قیام کے دوران ... آزاد کشمیر کو پاکستان سے علیحدہ کرنے کا نظریہ پیش کیا۔ ...

نیا دور امریکہ میں

آپ کو یہ سن کر خوشی ہوگی کہ اردو زبان کا سب سے بڑا ادبی رسالہ "نیا دور" جو گزشتہ ... سال سے کراچی سے شائع ہو رہا ہے اب سرزمین امریکہ سے اپنی اشاعت کا آغاز کر رہا ہے یہ دشوار کام ایک ایسی جگہ سے شروع کرنا جہاں اردو ٹائپ اور طباعت و کتابت کی کوئی سہولت میسر نہیں ہے یقیناً ایک دیوانگی ہے لیکن ہم نے یہ قدم صرف اس لئے اٹھایا ہے کہ آپ اپنے ملک کے ادب، تہذیب ... رجحانات اور بدلتے ہوئے حالات و عوامل سے دور رہتے ہوئے بھی خود کو دور محسوس نہ کریں۔

اسی ضرورت کے پیش نظر ... ہم نے اس کام کا بیڑہ اٹھایا ہے۔ یقیناً ایک بار ... لیکن آپ کے تعاون ... اور دلچسپی ... کے بغیر یہ کام ہم تنہا نہیں کر سکتے۔ آپ اس کام میں ہماری مدد دو طرح سے کر سکتے ہیں (۱) ... آپ ہمیں بتائیں کہ نیا دور کو زیادہ سے زیادہ دلچسپ بنانے کے لیے اس کے صفحات میں کس قسم کا مواد شامل کیا جائے۔ (۲) آپ بھی اس کے خریدار بنیں اور اپنے حلقہ احباب کو بھی اس طرف متوجہ کریں تاکہ آپ کی حوصلہ افزائی کے سہارے ہم اس دشوار کام کو سلیقہ و ہمت کے ساتھ انجام دے سکیں۔

نیا دور ایک ادبی و تہذیبی رسالہ ہوگا اس میں وہ سب کچھ ہوگا جس کی آپ ایک اعلیٰ معیاری ادبی پرچے سے توقع رکھتے ہیں۔ افسانے، ڈرامے، علمی و فکری تبصرے، مضامین، ادارتی نوٹ وغیرہ ... پڑھنے والوں کی آسانی کیلئے ... نیا دور کی قیمت بھی کم رکھی ہے فی شمارہ ... ڈالر ... جس میں خاص نمبر بھی شامل ہیں ... ڈالر ہوگا۔

NAYA DAUR
Box 4292, Stati... d
Columbus, Ohio ...202

TRAVEL BOOTH

THE LATEST TRAVEL
INFORMATION CENTRE

781 7685
CALL 964 3333 FOR INFORMTIONS

ساڑھے چار لاکھ بنگالی واپس کرنے کا جلد فیصلہ کیا جائے

امریکہ کو بھی عالمی جھگڑوں سے سبق لینے کی ضرورت ہے

پاکستان کو امریکی اسلحہ کی سپلائی بحال ہونے پر شدید اضطراب

ڈھاکہ ۲۰ مارچ (اے ایف پی) بنگلہ دیش کے وزیر اعظم شیخ مجیب نے صدر بھٹو پر زور دیا ہے کہ وہ پاکستان میں پھنسے ہوئے ساڑھے چار لاکھ بنگالیوں کی واپسی کے بارے میں فوری فیصلہ کریں ... بہت بڑے عام جلسے سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے پاکستان کو امریکی اسلحہ کی سپلائی بحال ہونے پر شدید اضطراب کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ بڑی طاقتوں کو دوسرے ملکوں کے ہاتھ اسلحہ فروخت نہیں کرنا چاہئے ... شیخ مجیب نے اپنی تقریر میں اس بات کا ذکر کیا کہ امریکہ نے بھارت کے ہاتھ اسلحہ فروخت کرنے پر پابندی ختم کر دی ہے ... شیخ مجیب نے بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے پر ... صدر بھٹو کا شکریہ ادا کیا ... انہوں نے دھمکی دی کہ اگر صدر بھٹو نے بہاریوں کو واپس نہ لیا تو انہیں نقصان اٹھانا پڑے گا۔ پاکستان کے جنگی قیدیوں کی رہائی کا شیخ مجیب نے کوئی ذکر نہیں کیا۔ جنگی جرائم کے مقدمات چلانے کی ہٹ دھرمی پر بدستور قائم ہے۔

> ۔۔۔ لامی ملکوں کے وزرائے خارجہ کا اجلاس

> ۔۔۔ بھی شرکت کرے گا

قاہرہ ۲۰ مارچ (اے پی پی) ۔۔۔ کی اطلاع کے مطابق ۔۔۔ اسلامی ملکوں کے وزرائے خارجہ کی کانفرنس میں مصر بھی شرکت کرے گا۔ اس کانفرنس میں ایک اسلامی ترقیاتی بینک قائم کرنے اور اسلامی ممالک کے درمیان تعلقات کو فروغ دینے پر غور ہوگا۔

پاکستان

جنگی جہاز خود تیار کرے گا صدر بھٹو

اپنی ضروریات پوری کرنے کے بعد ہم دوست ملکوں کے ہاتھ جہاز فروخت کر سکیں گے

حزب اختلاف کو قومی اسمبلی کے بائیکاٹ کی باتیں ترک کر دینی چاہئیں

ہم ہر جائز اور معقول تجویز قبول کرنے کے لئے تیار ہیں

کراچی ۲۰ مارچ (اے پی پی) صدر بھٹو نے اعلان کیا ہے کہ پاکستان جنگی جہاز خود تیار کرے گا۔ ان جہازوں میں نصب توپیں بھی پاکستان کی بنی ہوئی ہوں گی۔ انہوں نے پاکستان کے جہاز سازی کے کارخانے میں تیار کردہ ۱۲ ہزار ٹن وزنی مال بردار جہاز "لالہ زار" کو سمندر میں اتارنے کی رسم ادا کرتے ہوئے کہا کہ اس کارخانے میں پاکستان جلد جنگی جہاز تیار کرنے شروع کر دے گا جن پر پاکستان میں بنی ہوئی توپیں نصب ہوں گی۔ انہوں نے کارکنوں اور عملے پر زور دیا کہ وہ پوری استعداد اور قابلیت کو بروئے کار لائیں اور جہاز سازی کے کارخانے کی کارکردگی میں اضافہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ اگر ہم پہلے ایک جہاز ایک سال کے اندر تیار کرتے رہے تو ہمیں چاہئے کہ ہم سال میں دو جہاز تیار کریں۔ صدر بھٹو نے دستور سازی کا بھی ذکر کیا۔

حزب اختلاف کو قومی اسمبلی کے بائیکاٹ کی باتیں ترک کر دینے کا مشورہ دیتے ہوئے کہا کہ اسے چاہئے کہ دستور سازی میں اپنی استعداد کے مطابق حصہ لیں تاکہ ملک کا نظم و نسق ایک خود مختار آزاد قوم کی طرح چلایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے جمہوری اور اسلامی دستور تیار کر کے اسمبلی کے سامنے پیش کر دیا ہے اور ہم ہر جائز اور معقول تجویز کو قبول کرنے کے لئے تیار ہیں۔ صدر نے حزب اختلاف کے مذاکرات پر آمادگی کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ جمہوری طریق عمل ہے تاہم جب تک کوئی نتیجہ نہ نکلے یہ کہنا بہت مشکل ہے کہ ان مذاکرات کی نوعیت کیا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ اگر اخبارات میں شائع ہونے والی خبریں غلط ہیں تو وہ بھی اس مرحلے پر مزید کچھ نہیں کہیں گے۔

صدر بھٹو نے حزب اختلاف سے کہا کہ آئیے ہم مل کر بیٹھ جائیں اور ملک کے لئے جامع وفاقی، اسلامی اور جمہوری آئین تیار کریں۔ انہوں نے کہا کہ قومی اسمبلی میں جب مسودہ آئین پر بحث ہو رہی ہے وہ پیپلز پارٹی اور حزب اختلاف کی باہمی کاوش کا نتیجہ ہے۔ صدر نے یہ بھی بتایا کہ حزب اختلاف کے ساتھ بات چیت شروع ہو گئی ہے لیکن وہ اس کے بارے میں تفصیل سے کچھ نہیں بتائیں گے۔

صدر بھٹو نے یہ بھی کہا کہ پاکستان کو جہازوں کی بہت زیادہ ضرورت ہے اس کارخانے میں اتنے جہاز تیار ہونے چاہئیں کہ ہم اپنی ضرورت پوری کرنے کے بعد اپنے دوست ملکوں کے ہاتھ فروخت بھی کر سکیں۔ انہوں نے بتایا کہ کارخانہ جلد پورا استفادہ کرنے کے لئے انہوں نے ایک منصوبہ بنا رکھا ہے جس کے بارے میں وہ ابھی کچھ نہیں بتائیں گے۔

۱۸ گھنٹے روزانہ کام کرنے کا ۔۔۔

۔۔۔ روزانہ ۔۔۔ نہیں ۔۔۔

میں کارکنوں کا خادم ہوں لیکن لیبر لیڈروں کو تسلیم نہیں کرتا: صدر

کراچی ۲۰ مارچ (اے پی پی) بحری جہاز لالہ زار کو سمندر میں اتارنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر بھٹو نے کارکنوں کے مطالبات کا بھی ذکر کیا۔ انہوں نے کہا میں کارکنوں کے مسائل سے واقف ہوں ان مسائل کو حل کیا جائے گا لیکن مطالبہ کرنے سے پیشتر مناسب وقت کا ضرورت انتظار کیا جانا چاہئے میں خود کارکن ہوں بلکہ آپ سے بڑا کارکن ہوں۔ آپ مقررہ وقت کے لئے کام کرتے ہیں میں ۱۶ گھنٹے بلکہ ۱۸ گھنٹے اور بعض اوقات ۲۰ گھنٹے کام کرتا ہوں لیکن کبھی اوور ٹائم کا مطالبہ نہیں کرتا۔ صدر بھٹو نے کہا کہ میں کارکنوں کا خادم ہوں لیکن میں لیبر لیڈروں کو تسلیم نہیں کرتا۔

فوجی قوت سے کوئی مسئلہ حل نہیں ہوگا: اندرا گاندھی

قیام امن کے لئے تنازعات کو مذاکرات کے ذریعہ حل کرنا ضروری ہے

نئی دہلی ۲۰ مارچ (رائٹر) بھارتی وزیر اعظم مسز اندرا گاندھی نے کہا ہے کہ برصغیر میں فوجی قوت کے ذریعے کوئی مسئلہ حل نہیں ہوگا اور اس وقت تک امن و امان کا قیام مشکل ہے جب تک محاذ آرائی یا تقابل کا خیال ترک کر کے مذاکرات کے ذریعے اپنے تنازعات کو حل کرنے کی کوشش نہیں کی جاتی۔ انہوں نے مشرقی جرمنی کے وزیر اعظم کے اعزاز میں ایک ضیافت کے موقع پر تقریر کرتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ برصغیر کے ذمہ دار افراد دوستی اشتراک عمل اور باہمی تعاون کے لئے محاذ آرائی کا خیال ترک کر کے مذاکرات کے ذریعے اپنے تنازعات کو حل کرنے کی کوشش کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی ہمیشہ کوشش رہی ہے کہ برصغیر میں تمام تنازعات کو بات چیت سے حل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ برصغیر میں اس وقت تک امن کا قیام ممکن نہیں جب تک محاذ آرائی کو ترک کر کے باہمی بات چیت کے ذریعے مسائل کو حل کرنے کی کوشش نہیں کی جاتی۔ انہوں نے برصغیر کے گزشتہ واقعات کا ذکر بھی کیا اور کہا کہ بھارت کو جس قسم کی صورت حال سے دوچار ہونا پڑا ہے وہ اس امر کی متقاضی ہے کہ بھارت اپنی سلامتی اور تحفظ کی خاطر ہر وقت تیار رہے۔ ان کی تقریر کے جواب میں وزیر اعظم مشرقی جرمنی نے توقع ظاہر کی کہ برصغیر پاک و ہند میں جلد ہی حالات معمول پر آجائیں گے انہوں نے اس سلسلے میں بھارت کی کوششوں کو سراہا۔

پاکستان کے معاشی و سیاسی استحکام پر کنسورشیم کا اظہار اطمینان

پیرس ۲۰ مارچ (نمائندہ جنگ) پاکستان کو قرضے دینے والے کنسورشیم نے گزشتہ سال جو پاکستان کے لئے کٹھن ادوار کے بعد کے جمہوری دور کا سال تھا پاکستان کے اقتصادی حالات میں بہتری پیدا ہونے پر اطمینان کا اظہار کیا ہے اور صدر بھٹو کی حکومت کی نئی سماجی و معاشی پالیسیوں کو اطمینان بخش قرار دیا ہے لیکن پاکستان کے ۲۰ کروڑ ڈالر کے قرضوں کی درخواست پر قطعی فیصلہ ملتوی کر دیا ہے۔ کنسورشیم کا دو روزہ اجلاس کل شب بنگلہ دیش سے متعلق قرضوں کی ادائیگی کے مسئلہ پر تعطل کی وجہ سے ختم ہو گیا کیونکہ پاکستان نے صاف صاف کہہ دیا ہے کہ وہ جون کے بعد پاکستان بنگلہ دیش کے حصہ کے قرضے ادا نہیں کرے گا۔ کنسورشیم نے قرضوں کے حصہ کا تعین کرنے کے سلسلہ میں کوئی فیصلہ نہیں کیا لیکن اصولی طور پر بنگلہ دیش کے ذمہ واجب الادا قرضے کے تناسب پر کنسورشیم کو اتفاق ہے۔ قرضوں کی ۳۱ فیصد رقم معاف کر دینے کے مسئلہ پر بھی فیصلہ ملتوی کر دیا گیا۔ آج عالمی بینک کے کنسورشیم کے سربراہ کا رگل دہلی روانہ ہو گئے جہاں سے وہ بنگلہ دیش جائیں گے جہاں وہ قرضوں کے مسئلہ پر شیخ مجیب الرحمن سے بات چیت کریں گے۔

والی سوات کو گورنری کی پیشکش کی تردید

پشاور ۲۰ مارچ (اے پی پی) والی سوات میاں گل جہانزیب نے بعض اخبارات کی اس اطلاع کی تردید کی ہے کہ انہیں صدر بھٹو نے صوبہ سرحد کی گورنری کی پیشکش کی ہے۔ سوات سے ملنے والے ایک تار میں والی سوات نے کہا ہے کہ وہ سیاست میں حصہ لینے میں کوئی دلچسپی نہیں رکھتے۔

پاکستان کا موسمی راکٹ زمین پر ضروری معلومات بھیج رہا ہے

کراچی ۲۰ مارچ (اے پی پی) پاکستان کا خلائی راکٹ ۔۔۔ ضروری معلومات زمین پر بھیج رہا ہے ...

ڈھاکہ میں فضل القادر چودھری کے خلاف مقدمہ کی سماعت شروع ہو گئی

نئی دہلی ۲۰ مارچ (رائٹر) آج بنگلہ دیش کے باخبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ حکومت بنگلہ دیش پاکستانی جنگی قیدیوں کے خلاف جنگی جرائم کے سلسلے میں مقدمات کی سماعت کے لئے بین الاقوامی ٹریبونل کے قیام کے مسئلے پر سنجیدگی سے غور کر رہی ہے۔ چنانچہ اس سلسلے میں بین الاقوامی شہرت کے ممتاز قانون دانوں کے ساتھ خط و کتابت شروع کر دی گئی ہے اور بعض عالمی ماہرین قانون نے ٹریبونل کی صدارت کی پیشکش قبول کر لی ہے۔ ان ذرائع کے مطابق جن قیدیوں پر مقدمات چلائے جائیں گے انہیں اپنی مدافعت کے لئے اپنی مرضی کے وکلا حاصل کرنے کا حق دے دیا جائے گا۔ اور یہی نہیں بلکہ وہ کسی بھی ملک کے وکیل کی خدمات حاصل کر سکیں گے جن میں پاکستانی وکلا کی خدمات حاصل کرنے کی بھی اجازت ہوگی۔

دہلی ۲۰ مارچ (اے پی پی) ایک ریڈیو رپورٹ کے مطابق قومی اسمبلی کے سابق اسپیکر فضل القادر چودھری کے خلاف ڈھاکہ میں خاص ٹریبونل کے سامنے مقدمہ کی سماعت شروع ہو گئی ہے۔ عدالت میں ان کے خلاف فرد جرم پڑھ کر سنائی گئی۔ ان کے خلاف قتل و غارتگری کے علاوہ پاکستان کی سابق حکومت کے ساتھ تعاون کا الزام ہے جب مسٹر فضل القادر چودھری کے خلاف فرد جرم پڑھی جا چکی تو انہوں نے عدالت کے سامنے صحت جرم سے انکار کیا اور کہا کہ ان کے خلاف مقدمہ سیاسی انتقام کی بنا پر چلایا گیا۔

پاکستان مالٹا کی قومی ایئر لائن چلائے گا

ولیٹا ۲۰ مارچ (رائٹر) پاکستان کا ایک وفد مالٹا کے وزیر اعظم مسٹر منٹوف کی تجویز پر مالٹا پہنچ رہا ہے۔ مالٹا کی قومی ایئر لائن چلانے کے لئے ایک معاہدے پر دستخط کرے گا۔ ایئر لائن میں ۶۰ فیصد حصص مالٹا کی حکومت کے ہوں گے۔ ایئر لائن کا نام ایئر مالٹا ہوگا اور یہ یکم اپریل سے پہلے ہی چل جائے گی۔

زیر حراست ملزم کو گولی مار کر لاش کے گرد رقص کیا

لاہور ۲۰ مارچ آج یہاں پیر مکی کے قریب راوی سے ملحقہ علاقہ ... میں ایک زیر حراست ملزم ... کو گولی مار کر ہلاک کر دیا گیا ... اور ملزموں نے لاش کے گرد رقص کیا ...

پاکستان ایک عالمی مقابلوں میں حصہ لے سکے گا

برسلز ۲۰ مارچ (اے ایف پی) ... عالمی مقابلوں ... میں حصہ لینے کی اجازت دی ہے ... تاہم یہ پابندی بدستور قائم رہے گی۔

حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں۔



پاکستانی باسمتی چاول

دال ماش اور مونگ دھلی ہری اور کابل چنا

دال چنا۔ ماش۔ مونگ۔ مسور

مرچ۔ ہلدی۔

آٹا بوری۔

کیجئے

ادرک

لہسن

کدو

AFRO-ASIAN

918 PAPE AVE,TORONTO

call at 463-1287.

صدائے پاکستان

[illegible]
(بال جبریل)

راولپنڈی کا سانحہ

[illegible] جلسہ عام کے مسلمان [illegible] اور [illegible] ایک [illegible] بدترین [illegible] پاکستان میں سیاسی جلسوں کی تاریخ میں [illegible] کئی قیمتی جانیں ضائع ہو گئیں، بے شمار افراد زخمی ہو گئے [illegible] اور [illegible] وقت [illegible] ملک میں یوم پاکستان منایا جا رہا تھا اور مسلمانوں کی [illegible] جدوجہد کی یاد منائی جا رہی تھی، جو قائد اعظم کی قیادت میں نہایت پر امن اور جمہوری انداز میں برسوں جاری رہی اور بالآخر کامیابی کی منزل تک پہنچی تھی۔ اس جدوجہد کے لئے قائد اعظم نے اتحاد، یقین محکم اور تنظیم کا اصول دیا تھا اور اسی اصول نے مسلمانوں کو کامیابی سے ہمکنار کیا تھا۔ لیکن یہ کس قدر دکھ کی بات ہے کہ عین اس دن جبکہ اس اصول پر عمل کرنے کا عہد ہمیں تازہ کرنا چاہیئے تھا، راولپنڈی میں اسی اصول کے پرخچے اڑائے گئے، اسے پیروں تلے روندا گیا۔ قائد اعظم کے اس پاکستان میں مسلمانوں کے ہاتھوں مسلمانوں کا خون بہا جو برصغیر کے مسلمانوں کے لئے گہوارۂ امن کے طور پر حاصل کیا گیا تھا اور جو اس لئے حاصل کیا گیا تھا کہ مسلمان ہر طرح کے تشدد اور ظلم سے محفوظ رہتے ہوئے ایک ایسا معاشرہ قائم کر سکیں جہاں اسلام اور جمہوریت کی حکمرانی ہو۔

ایک طرف ہمارے یہ بلند قومی عزائم اور دوسری طرف ہمارے اجتماعی اخلاق کا یہ بدترین مظاہرہ۔ اس واقعہ نے آج پوری قوم کی گردن کو شرم سے جھکا دیا ہے۔ اس کا ذمہ دار کون ہے؟ قائد اعظم کے دیئے ہوئے جمہوریت اور نظم و ضبط کے اصول کو کس نے توڑا، تشدد اور ہنگامہ آرائی کی راہ کس نے اختیار کی؟ کس نے ظلم کیا اور کون ظلم کا نشانہ بنا؟

ان سوالات کو زیر بحث لانے کا کوئی فائدہ حاصل نہیں ہوگا اور ویسے بھی حکومت نے اس سانحہ کی تحقیقات کا حکم دیا ہے۔ اب ان سوالات کا جواب دینا تحقیقات کرنے والوں کی ذمہ داری ہے البتہ ہم بلا خوف تردید یہ کہہ سکتے ہیں کہ اس واقعہ کی ساری ذمہ داری اس "تشدد کی سیاست" پر ہے جس کی داغ بیل یہاں ڈالی گئی ہے اور جو بدقسمتی سے مسلسل پروان چڑھتی رہی ہے۔ یہ متشددانہ سیاست ہی کا دیو ہے جس نے پوری درندگی کے ساتھ راولپنڈی میں اپنا خونی رقص دکھایا ہے۔ یہ اس کی لائی ہوئی تباہی کا ایک ادنیٰ نمونہ ہے۔ اب اگر سب نے مل کر تشدد کی سیاست کے اس خوفناک عفریت سے نجات حاصل کرنے کی کوشش نہ کی تو یہ اس وقت تک چین سے نہیں بیٹھے گا جب تک پاکستان ٹکڑے ٹکڑے نہ ہو جائے۔

ہم ان تمام لوگوں سے جن کے ہاتھ میں قوم کی رہنمائی ہے یہ پوچھتے ہیں کہ کیا راولپنڈی کا یہ خونی ڈرامہ بھی ان کی آنکھیں کھولنے کے لئے کافی نہیں ہے؟ کیا اب بھی وہ وقت نہیں آیا ہے کہ وہ اپنے اپنے گریبانوں میں منہ ڈالیں اور یہ دیکھیں کہ حالات کو اس خطرناک حد تک پہنچانے میں خود ان کا کس قدر حصہ ہے اور اپنی غلطیوں کی اصلاح کریں؟ ہم یہ واضح کر دینا اپنا فرض سمجھتے ہیں کہ غلطیوں کی اصلاح نہ کی گئی تو پاکستان کو تباہ ہونے سے کوئی طاقت نہیں بچا سکتی۔ اللہ تعالیٰ کے اس اٹل اصول کو سامنے رکھا جائے کہ خدا نے آج تک اس قوم کی حالت نہیں بدلی نہ ہو جس کو خیال آپ اپنی حالت کے بدلنے کا۔ قوم کی حالت [illegible] کوشش ورنہ [illegible] کے لیڈروں کا کام ہے اگر قوم ہی کے ذمہ دار افراد اپنی خامیوں کی اصلاح نہ کریں تو قوم [illegible] ہے [illegible] کس طرح [illegible] رہ سکتی ہے

[illegible] ہماری [illegible] اور پاکستان کے تحفظ کا تقاضا [illegible] ہے کہ تشدد کی سیاست کو [illegible] کیا جائے۔ تشدد کا جواب تشدد سے نہ دیا جائے کیونکہ تشدد سے تشدد پیدا ہوتا ہے اور اس کا انجام تباہی ہے۔ تشدد کو جمہوری اصولوں پر عمل کر کے شکست دی جائے اور ہم سب ایک بار پھر پورے خلوص کے ساتھ قائد اعظم کے دیئے ہوئے اصول اتحاد، یقین محکم اور تنظیم پر چلنے کا عہد اور عزم کریں۔ پاکستان کی تباہی اور اس المناک واقعہ کا بھی اصل سبب یہی ہے کہ ہم نے ان اصولوں پر چلنا اور ان کے تقاضوں کو پورا کرنا چھوڑ دیا ہے۔ اگر ملک کے دو ٹکڑے ہونے اور اب راولپنڈی میں اس قدر المناک واقعہ کے رونما ہونے کے بعد بھی ہم بیدار نہ ہوئے تو پھر ہماری حیثیت ان بے جان لاشوں کی سی ہے جنہیں قیامت کا زلزلہ ہی بیدار کرے گا۔

• فلپائن میں مسلمانوں پر ظلم

اخباری اطلاعات کے مطابق جنوبی فلپائن کے جزیرہ منڈاناؤ میں مسلمانوں کے خلاف فوجی کارروائی کے دوران سینکڑوں مسلمان شہید ہو گئے ہیں اور لاکھوں کو بے خانماں ہونا پڑا ہے۔ اس کارروائی کے دوران فلپائن کی فضائیہ نے مسلمانوں کے علاقوں پر زبردست بمباری کی۔

کئی ہزار جزائر پر محیط فلپائن کا زیادہ تر رقبہ گیارہ جزیروں پر مشتمل ہے۔ منڈاناؤ ملک کا دوسرا بڑا جزیرہ ہے اور اس کی غالب آبادی مسلمان ہے۔ جزیرہ چونکہ بورنیو اور ملائیشیا کے قریب واقع ہے اس لیے یہاں کے باشندوں کی زبان بھی ملائی سے ملتی جلتی ہے۔ منڈاناؤ میں مسلمانوں کی آبادکاری کئی صدیوں پہلے ہوئی اور چونکہ ان کی بیشتر تعداد ملائیشیا سے یہاں پہنچی تھی اس لیے ان کا تعلق ملائیشیا سے ہمیشہ قائم رہا۔ تاآنکہ سپین نے ان جزائر پر اپنا تسلط جما لیا۔ مقامی غیر مسلم آبادی نے عیسائیت قبول کر لی لیکن منڈاناؤ میں جو لوگ مسلمان کی حیثیت میں موجود ہوتے تھے اور جن مقامی لوگوں نے اسلام قبول کر لیا تھا وہ اپنے مذہب سے دستبردار نہ ہوئے۔ تاہم سپین کے عیسائی حکمرانوں کی زیر سرپرستی اس جزیرہ میں بھی عیسائی آباد کر دیئے گئے۔ بعد میں جنگ عظیم دوم کے دوران امریکہ نے سپین کی جگہ اپنی سیادت قائم کر لی۔ اور جب فلپائن کو آزادی ملی اس وقت اکثر فلپائنی عیسائیت کو قبول کر چکے تھے۔ فلپائن کے عیسائی حکمران شروع ہی سے منڈاناؤ کی غالب آبادی۔ مسلمانوں۔ کے خلاف رہے ہیں۔ مسلمان چونکہ بہت پہلے اس جزیرہ میں آباد ہوئے۔ اس لئے اس علاقہ کے بیشتر وسائل مثلاً زمینوں وغیرہ پر انہی کا قبضہ تھا۔ دوسری طرف فلپائن کی حکومت اور عیسائی اقلیت کی خواہش رہی کہ وہ مسلمانوں سے تمام وسائل چھین لے۔ یہی وہ نقطہ ہے جہاں سے اس جزیرہ کے مسلمانوں اور عیسائیوں کے مابین آویزش نے جنم لیا۔ چونکہ عیسائیوں کو حکومت کا تعاون حاصل رہا ہے۔ اس لیے انہوں نے بعض علاقوں میں مسلمانوں سے ان کی زمینیں چھین اور ان کی املاک پر قبضہ کر لیا۔ مسلمانوں نے اس عمل کے خلاف احتجاج کیا لیکن حکومت فلپائن نے اسے درخور اعتنا خیال نہ کیا۔ اس دوران عیسائیوں نے مسلمان آبادیوں پر حملے بھی شروع کر دیئے اور کئی مسلمان شہید کر دیئے گئے۔ اس طرح مسلمانوں میں عدم تحفظ کا احساس پیدا کر دیا گیا۔ چنانچہ انہوں نے اپنے حقوق کے تحفظ کی خاطر جدوجہد شروع کر دی۔ اس جدوجہد کو بغاوت کا نام دے کر حکومت فلپائن نے مسلمانوں کے خلاف قوت استعمال کرنا شروع کر دی

خداوندا!

حفیظ جالندھری

یہ بیداری ہے یا خواب پریشاں ہے خداوندا   پریشانی میں ہر فردِ مسلماں ہے خداوندا
خداوندا ترے بندے جہاں بھی پائے جاتے ہیں   تو ہے کہ خوں شناک میں تڑپا جا رہا ہے
[illegible] کی چہرہ دستی ہے   مسلماں کیلئے [illegible]

خداوندا دعا کر لے قبول اخلاص بندوں کی
نہ کر اس سے زیادہ آزمائش اپنے بندوں کی

برے ہیں یا بھلے ہیں بندگی کے کام لیتے ہیں   ترے محبوب کی امت ہیں تیرا نام لیتے ہیں
ترے در پر سوالی آئے ہیں ہم کو نہ رد فرما   خداوندا مدد فرما خداوندا مدد فرما
ترا احسان ہے تو نے ہی یہ احسان فرمایا   عطا اس امت عاصی کو پاکستان فرمایا

تو ہی اس کی حفاظت کا بھی اب جذبہ عنایت کر
جہاد فی سبیل اللہ کی ہم کو ہدایت کر

پرانے غازیوں کی ہم میں یارب شان پیدا کر   صلاح الدین سا ہر قلب میں ایمان پیدا کر
خداوندا ہمارے خون میں غیرت کو بھڑکا دے   ہمارے دشمنوں کے سینہ سنگیں کو دھڑکا دے
الٰہی قوم کو اخلاص کی دولت ودیعت کر   خرابی دور فرما ہم کو پابند شریعت کر

خداوندا ہمیں پھر جوش دے جوش اخوت دے
خلوص و غیرت و ایمان دے سامان قوت دے

دعا سنتا ہے تو یارب زبان بے زبانی کی   طلب کرتی ہیں تجھ سے دو جہاں خستہ جانی کی
ترے بندے بہر عالم جو وقف جاں نثاری ہیں   کہ ان کے جان و دل پر تیرے ہی احکام جاری ہیں
تجھی سے صبر و استقلال کی دولت بھی پائی ہے   عطا آنکھیں بھی کی ہیں راہ بھی تو نے دکھائی ہے

رہ دشوار کی دشواریاں بھی تو ہی آساں کر
ترے محتاج احساں ہیں مرے اللہ احساں کر

مسلمانوں کے سر سے ابتلائیں دور فرما دے   ہجوم کفر کی کالی بلائیں دور فرما دے
تو بے شک جانتا ہے نیت کفار کو یارب   پراگندہ کر اس جمعیت کفار کو یارب
الٰہی لشکر کفار اب ایسی سزا پائے   دوبارہ چڑھ کے آنے کا نہ ہرگز حوصلہ پائے

ہمارے ہاتھ سے اس دعویٰ باطل کو رد فرما
الٰہی ہم غلامان محمد ہیں مدد فرما

بھارت کی سلامتی کو خطرہ

[illegible] لئے ہیں پھاٹک نے وہ جھوٹے فسانے کیسے
یہ پاکستان سے خطرے کے کچھ حیلے بہانے کیسے ہیں
ہتھیاروں کے ہتھیانے کا یہ خوب طریقہ سوچا ہے
بھارت نے بنگلا جھگڑوں میں کچھ لوگ سیانے کیسے ہیں

[illegible]

زر بصیرت

[illegible]

اندھیرے

سورۃ النور کی [illegible] آیۃ نور میں اپنے نور کی مثال بیان کی اور یہ فرمانے کے بعد کہ وہ نور ان گھروں میں ملتا ہے کہ جہاں اللہ کا نام لیا جاتا ہے اور ان لوگوں کے سینوں میں پایا جاتا ہے، جنہیں دنیا کا کاروبار اللہ کی یاد، نماز کے قیام اور زکوٰۃ کی ادائیگی سے غافل نہیں کرتا، اگلی دو آیات میں کافروں کے اعمال اور جن اندھیروں میں وہ پڑے ہیں، ان کی مثالیں بیان فرمائیں۔ فرمایا:

اور وہ لوگ جو کافر ہوئے، ان کے اعمال ایسے ہیں جیسے ریگستان میں سراب۔ اسے پیاسا پانی گمان کرتا ہے۔ (اور اس کی طرف دوڑتا ہے) یہاں تک کہ جب اس کے پاس پہنچا، اسے کچھ نہ پایا۔ اور پایا اللہ کو اس کے پاس۔ پھر اس نے پورا پورا چکا دیا اس کا حساب۔ اور اللہ جلد حساب لینے والا ہے۔ (آیت ۳۹)۔

کافر، اللہ کی خوشنودی کے حصول کے لیے کام نہیں کرتا۔ دنیوی متاع کے پیچھے بھاگتا ہے۔ گویا اس کی زندگی صحرا یا چٹیل میدان کی طرح ویران ہے اور اس کی ساری کوشش اور دوڑ دھوپ سعی رائیگاں ہے۔ کیونکہ وہ سراب کے پیچھے دوڑ رہا ہے۔ وہ گمان کرتا ہے کہ دنیوی متاع کی یہ چیزیں اسے موت کے بعد بھی فائدہ دیں گی۔ لیکن قیامت کے روز دیکھا تو پاس کچھ نہ تھا۔ [illegible] پورا پورا حساب دینا پڑا۔ خیال فرمائیے پیاسا صحرا میں اس امید سے دوڑتا جائے کہ وہاں پانی اور سایہ ملے گا۔ پہنچے تو نہ سایہ پائے نہ پانی۔ الٹا وہاں بازپرس کے لیے بیٹھا ہو، جو اس کا سختی سے محاسبہ کرے، ایسے شخص کا کیا حال ہو۔ آگے فرمایا:

یا جیسے اندھیرے ہوں بحر عمیق میں (اور وہ کافر اس کے اندر پڑا ہو) ڈھانپے ہوئے ہو اسے ایک موج، اس کے اوپر ایک اور موج ہو۔ اس کے اوپر (باہر آسمان پر) بادل (چھایا) ہو۔ اندھیرے (ہی اندھیرے) ہیں اوپر تلے جب وہ اپنا ہاتھ نکالتا ہے، تو اسے (بھی) دیکھ نہیں سکتا۔ اور جس کے لیے اللہ روشنی (کا سامان) نہ کرے، تو اس کے لیے کوئی روشنی نہیں۔

بحر عمیق دنیا ہے۔ وہ لہریں شہوت اور حرص کی لہریں ہیں۔ بادل وہ غلط عقائد و تصورات ہیں، جو اس کے ذہن کے آسمان پر چھائے ہوئے ہیں۔ مومن کے قلب میں یاد الٰہی اور فیض نبوت سے نور علیٰ نور کا سماں تھا۔ کافر اپنے غلط تصورات کے اندھیروں کے علاوہ دنیا کے بحر عمیق میں شہوت و حرص کی موجوں کے تھپیڑے کھاتا پھرتا ہے

فرمودۂ اقبال

پانی [illegible] کی تاریکی میں کون؟
کون دریاؤں کی موجوں سے اٹھاتا ہے سحاب؟
کون لایا کھینچ کر پچھم سے باد سازگار؟
خاک یہ کس کی ہے، کس کا ہے یہ نور آفتاب؟
کس نے بھر دی موتیوں سے خوشۂ گندم کی جیب؟
موسموں کو کس نے سکھلائی ہے خوئے انقلاب؟
(بال جبریل)

[illegible]

ٹورونٹو
کینیڈا

صدائے پاکستان

پندرہ روزہ

جلد ۲ شمارہ ۲ | ۲۷ صفر ۱۳۹۳ھ / ۱ اپریل ۱۹۷۳ء | ۱۵ سینٹ

راولپنڈی کے جلسۂ عام میں ہنگامہ ۹ افراد ہلاک بیسیوں زخمی

جلسہ گاہ میں گولیوں کی سنسناہٹ، ڈائس فرنیچر اور شامیانہ کو آگ لگادی گئی

لیاقت باغ پنڈی کے ہنگامہ میں ہلاک ہونے والوں کی لاشیں (ر)

جماعت اسلامی کا دارالمطالعہ اور جمعیۃ علماء اسلام کا دفتر تباہ

فائرنگ، آتش زدگی اور بلوہ کے الزام میں ۹۱ افراد گرفتار

راولپنڈی ۲۳ مارچ (ریڈیو خبر) لیاقت باغ راولپنڈی میں متحدہ جمہوری محاذ کے جلسہ میں ہونے والے ہنگامے میں نو افراد ہلاک اور درجنوں زخمی ہوگئے ان زخمیوں میں ۴۰ افراد سول ہسپتال میں بارہ سنٹرل گورنمنٹ ہسپتال میں اور چھ کنٹونمنٹ بورڈ ہسپتال میں داخل کئے گئے جبکہ باقی ۴۰ افراد کو ان ہسپتالوں میں ابتدائی طبی امداد دیکر فارغ کر دیا گیا ہے آج زخمی افراد کی عیادت کے لئے سب سے پہلے مرکزی وزیر صحت شیخ رشید سنٹرل گورنمنٹ ہسپتال میں پہنچے جہاں وہ ہر زخمی کے پاس گئے اور ان کی مزاج پرسی کی اس کے بعد وزیر صحت نے سول ہسپتال میں بھی زخمیوں کی عیادت کی اور ہسپتال کے عملے کو ہدایت کی کہ زخمیوں کی دیکھ بھال پر خصوصی توجہ دیں ان کے علاوہ واقعہ سے پہلے مولانا مفتی محمود، شاہ احمد نورانی، سردار شوکت حیات، چوہدری ظہور الٰہی، نوابزادہ نصراللہ خاں اور میاں طفیل محمد نے بھی ہسپتال میں جا کر زخمیوں کی عیادت کی۔

اندھا دھند فائرنگ: کل جلسہ گاہ میں ہنگامہ تقریباً گھنٹہ تک جاری رہا ... [illegible] ... فائرنگ کی گئی جس سے زخمی ہونے والوں کو قریبی ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ جلسے کے ڈائس، دریوں اور شامیانے کو آگ لگا دی گئی۔ جلسہ دوپہر کے بعد شروع ہونا تھا ... [illegible] ... لیاقت باغ میں اسٹیج پر ... [illegible] ... ان میں سے چند ایک ... [illegible]

... [illegible] ... کے پیچھے اور بعض نے لیاقت باغ کے شامیانے کو آگ لگا دی اسٹیج کے شامیانے اور دریوں اور فرنیچر کو آگ لگ گئی جس میں خاکسار بھی تھے سب کچھ جل کر راکھ ہوگیا ... [illegible] ... ایک گروہ نے ان پر حملہ کیا اور ایک اخبار نویس کو ڈنڈے لگے ... [illegible] ... ایک گروہ شاہراہ سیالکوٹ پر نعرے لگاتا ہوا شہید چوک تک گیا اور وہاں جماعت اسلامی کے دارالمطالعہ کو تباہ کردیا اور کتابوں اور رسالوں کو آگ لگا دی۔ اس کے بعد یہ گروہ جمعیۃ علمائے اسلام کے دفتر پر حملہ آور ہوا اور وہاں بھی توڑ پھوڑ کی ... [illegible] ... کے علاوہ پنجاب کے مختلف اضلاع سے تعلق رکھنے والے لوگ شامل تھے۔

ٹورانٹو میں ”یوم پاکستان“

”فرینڈز آف پاکستان“ نے ۲۳ مارچ کو ٹورانٹو میں بڑے ہی احترام اور عقیدت کے ساتھ ”یوم پاکستان“ منایا جس میں چار سو سے زائد خواتین و حضرات نے شرکت کی۔ کناڈا کے مرکزی وزیر برائے امور ثقافت ڈاکٹر ہیڈ (؟) ... اس جلسے کے مہمانِ خصوصی تھے۔ انہوں نے اہل پاکستان کے اس اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ کینیڈین حکومت پاکستان کی ثقافت اور تمدن کے فروغ کے لیے ہر ممکن کوشش کرے گی۔ ڈاکٹر ... نے تعارفی تقریر کی اور پاکستانیوں کے اس مطالبے کا اعادہ کیا کہ جنگی قیدیوں کی رہائی کے لیے بھارتی حکومت پر دباؤ ڈالا جائے۔

اس موقع پر تین ڈاکیومینٹری فلمیں بھی دکھائی گئیں جن میں سے BIRTH OF PAKISTAN کے نام سے دکھائی جانے والی ڈاکیومینٹری نے اہل پاکستان کو بہت متاثر کیا۔ چنانچہ جب انہوں نے قائداعظم کو اسکرین پر دیکھا تو بے اختیار ہوکر تالیاں بجانے لگے اور پانچ منٹ تک مسلسل تالیوں کی آواز ہال میں گونجتی رہی۔ کئی آنکھیں نم ہوگئیں۔ کئی دل شدتِ جذبات سے بھر آئے۔ گویا کہتے ہوں

دوڑ پیچھے کی طرف اے گردش ایام تو
[illegible]

جلسے کے آخر میں مٹھائی اور شربت سے مہمانوں کی تواضع کی گئی۔

بھارت مصر یوگوسلاویہ میں معاہدہ کی توسیع

نئی دہلی ۳۰ مارچ (اے پی پی) بھارت، مصر اور یوگوسلاویہ باہمی تعاون کے معاہدہ کو مزید ... سال تک توسیع دینے پر رضامند ہوگئے ہیں ... [illegible] ... کے آخر میں ختم ہونے والا تھا۔

ہائیکورٹ نے جسارت پر پابندی کا حکم غیر قانونی قرار دیدیا

کراچی ۱۹ مارچ (اے پی پی) سندھ و بلوچستان ہائیکورٹ کی ایک ڈویژن بینچ نے آج روزنامہ جسارت پر دو ماہ کی پابندی کے حکم کے خلاف دائر کی جانے والی رٹ درخواست کو منظور کرتے ہوئے پابندی کے حکم کو غیر قانونی قرار دیا ہے۔ ڈویژن بینچ مسٹر جسٹس نورالعارفین اور مسٹر جسٹس آغا علی حیدر پر مشتمل تھی۔ بینچ کے جج مسٹر جسٹس نورالعارفین نے آج ڈیڑھ بجے فیصلہ سنایا۔ اس وقت کمرہ عدالت عوام سے کھچا کھچ بھرا ہوا تھا۔ عدالت نے ۲۶ صفحات پر مشتمل اپنے فیصلے میں کہا ہے کہ روزنامہ جسارت پر پابندی کا حکم اس لئے غیر قانونی ہے کیونکہ تحفظ امن عامہ کے آرڈیننس کی دفعہ کے تقاضوں کو پورا نہیں کرتا۔ اس لئے کہ اس حکم کو اجرا کے وقت کی بجائے تعمیل کے وقت سے نافذ العمل بنایا گیا ہے۔ اس سلسلے میں عدالت نے پیر محمد رسان کے مقدمہ میں سندھ بلوچستان ہائیکورٹ کے ایک فیصلے پر انحصار کیا۔ فیصلے میں عدالت نے ایڈووکیٹ جنرل کے اس استدلال سے اتفاق نہیں کیا کہ درخواست گزار چونکہ متاثر نہیں ہوتے ہیں اور متاثرہ افراد کی جانب سے چونکہ رٹ دائر نہیں کی گئی ہے۔ اس لئے یہ رٹ درخواست سرے سے قابل سماعت ہی نہیں ہے۔ فیصلہ میں کہا گیا ہے کہ اخبار کے مالک ہونے کی حیثیت سے آزاد پیپرز لمیٹڈ متاثرہ پارٹی ہے۔ اور اس نے ازالہ کے لئے رٹ درخواست کی ہے۔ اس لئے رٹ درخواست قابل سماعت ہے۔

قائد اعظم کی سرکاری رہائش گاہ فلیگ سٹاف ہاؤس کو تاریخی عجائب گھر کی حیثیت دیدی جائے

کراچی ۱۹ مارچ (نمائندہ خصوصی) متحدہ پاکستان مسلم لیگ کے صدر مسٹر حسن اے شیخ نے حضرت قائد اعظم کی سابقہ سرکاری رہائش گاہ فلیگ سٹاف ہاؤس کو فروخت کردینے کی سرکاری تجویز پر سخت نکتہ چینی کی ہے۔ انہوں نے ایک انٹرویو میں کہا کہ یہ وہ بنگلہ ہے جس میں معمار پاکستان حضرت قائد اعظم گورنر جنرل کی حیثیت سے رہتے تھے۔ اس لیے اس عمارت کی حفاظت کی جانی چاہیے۔ اسے فروخت نہیں کیا جانا چاہیے بلکہ حکومت اسے حاصل کرکے ایک ایسے تاریخی عجائب گھر کی شکل دے جس میں معمار پاکستان کی یادگار اشیاء، سامان، کتب، تحریریں اور دیگر چیزوں کو محفوظ کیا جائے۔ یہ بنگلہ اور اس کا احاطہ دس ہزار مربع گز رقبے پر مشتمل ہے۔ مسٹر حسن اے شیخ نے کہا ہے کہ قائد اعظم نے اپنے عہد ... وصیت تجویز کی تھی اس کے مطابق اس بنگلے کی فروخت سے وصول شدہ قیمت کے تین ”وارثین“ حق دار قرار دیئے جا سکتے ہیں یعنی سندھ مدرسہ کراچی، پشاور یونیورسٹی اور علی گڑھ یونیورسٹی۔ یہ بنگلہ چونکہ کراچی کے عین مرکز میں واقع ہے اس لیے اسے ”بابائے قوم میوزیم“ میں بدل دیا جائے۔

نیویارک میں زبردست احتجاج جنگی قیدیوں کی رہائی کا مطالبہ

نیویارک ۳۱ مارچ ... [illegible] ... UN ... [illegible]

پاکستان میں موٹر سازی کا آغاز، فوج نے ۵۰ جیپیں تیار کرلیں

میری دعا ہے کہ یہ منصوبہ ہماری قوم کے لئے نشانِ مبارک ثابت ہو: صدر بھٹو

صدر نے منصوبہ کا افتتاح کرنیکے بعد ایک جیپ خود چلاکر دیکھی

راولپنڈی ۲۲ مارچ (اے پی پی) صدر بھٹو نے آج یہاں جیپ سازی کے فوجی منصوبے کا افتتاح کیا۔ انہوں نے اس موقع پر کہا کہ موٹر سازی کی یہ نوزائیدہ صنعت برابر ترقی کی منزلیں طے کرتی رہے گی۔ اس ... [illegible] ... یہ ہے کہ اس منصوبے میں چھوٹی اور درمیانہ درجہ کی بہت سی صنعتوں نے حصہ لیا ہے۔ صدر نے کہا کہ میں نے ہمیشہ خود اعتمادی کی اہمیت پر زور دیا ہے۔ اگر ہم قوموں کی برادری اور باعزت مقام حاصل کرنا چاہتے ہیں ... [illegible]

جمعیۃ العلماء اسلام ... [illegible]

لاہور ۲۰ مارچ (اے پی پی) ... [illegible] ... جمعیۃ العلمائے اسلام کے ... [illegible]